نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی فصل کیلئے آبپاشی بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:20فروری2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گندم کی فصل کیلئے مناسب آبپاشی نہایت ضروری ہے۔ فصل کے نازک اوقات مثلاً شگوفے بنتے وقت، گوبھ، پھول نکلتے وقت اور دانے کی دودھیا حالت کے وقت اگر بروقت آبپاشی نہ کی جائے تو فی ایکڑ پیداوار میں کمی واقع ہوتی ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ گندم کی فصل کو گوبھ کی حالت میں پانی ضرور لگائیں کیونکہ اس وقت سٹہ بن کر باہر نکلنے کے مراحل میں ہوتا ہے۔ اگر اس مرحلے پر پانی نہ دیا جائے یا تاخیر کی جائے تو سٹے چھوٹے رہ جاتے ہیں۔ کاشتکار اگیتی کاشتہ گندم کی فصل کو تیسرا پانی بوائی کے 125 تا130 دن بعد اور پچھیتی کاشتہ گندم کو بوائی کے 110 تا115 دن بعد دانے کی دودھیا حالت کے وقت پانی لگائیں کیونکہ یہ سٹے میں دانے بھرنے کا وقت ہوتا ہے۔ تھل کے علاقہ جات میں چوتھا پانی بوائی کے 90 تا95 دن بعد (پھول بنتے وقت) اور پانچواں پانی بوائی کے 110 تا115 دن بعد (دانہ بنتے وقت) لگائیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ موسم کی نوعیت، زمین کی ساخت اور فصل کی ضرورت کے مطابق محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورے سے آبپاشی کے شیڈول میں ردوبدل بھی کیا جاسکتا ہے

☆☆☆☆